سُوْرَةُ الْفَاتِحَة

سُوْرَةُ يٰسٓ

سُوْرَةُ الْكَهْف

# ۸
# سُوْرَہ

سُوْرَةُ الْوَاقِعَة

سُوْرَةُ الرَّحْمٰن

سُوْرَةُ الْمُلْك

سُوْرَةُ السَّجْدَة

مُرتّب
محمد عمر خان

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّل

جملہ حقوق محفوظ ہیں


| | | | |
|---|---|---|---|
| نام کتاب | ۸ سُوْرَۃ (بامحاورہ ترجمہ) | | |
| جمع و ترتیب | محمد عمر خان | ایڈیشن اول | 10 ذوالحجہ 1437ھ ستمبر 2016ء |
| | | ایڈیشن دوم | 27 ذوالقعدہ 1441ھ جولائی 2020ء |
| تعداد اشاعت | 1000 | ایڈیشن سوم | 1st رمضان المبارک 1446ھ مارچ 2025ء |
| پبلشرز | حی علی الفلاح® محمد عمر خان | 0300-6366221<br>0334-6066221 | |


## سند

۸ سُوْرَۃ (بامحاورہ ترجمہ) کے اس مجموعے میں درج ہر لفظ کو میں نے حرف بحرف پورے غور و خوض اور نظرِ عمیق سے دیکھا ہے اور میں تصدیق کرتا ہوں کہ اس میں کتابت، اعراب، صحت لفظی اور خوشخطی کو بطریق احسن ملحوظ رکھا گیا ہے اور ممکنہ حد تک مکمل مسودہ ہر قسم کی اغلاط سے مبرأ ہے فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ الْجَزَاء

محمد زبیر شیخ فاضل جامعہ محمدیہ ملتان

## فہرست


| | | |
|---|---|---|
| 1 | سُوْرَةُ الْفَاتِحَة | 2 |
| 2 | سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ | 3 |
| 3 | سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ | 25 |
| 4 | سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ | 35 |
| 5 | سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ | 41 |
| 6 | سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ | 47 |
| 7 | سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ | 52 |
| 8 | سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ | 56 |
| 9 | آیۃ الکرسی/چار قل | 60 |
| 10 | اَسْمَاءُ اللّٰهِ الْحُسْنٰى | 61 |
| 11 | رَبَّنَا سے شروع ہونے والی دعائیں | 63 |
| 12 | رَبِّ سے شروع ہونے والی دعائیں | 64 |



ملنے کا پتہ

حی علی الفلاح® محمد عمر خان

061-4586619

061-4588801

0334-6066221

پرانی غلہ منڈی گلی بن لوہاراں، بوہڑ گیٹ ملتان

حی علی الفلاح پبلشرز اینڈ پرنٹرز

0300 / 0310 6366221

mukmultan@gmail.com

## سورۃ الفاتحہ کی فضیلت

- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سورۃ الفاتحہ میں شفاء ہے۔ (بخاری:5007،مسلم:2201،ابوداؤد:3900)
- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے کہ سورۃ الفاتحہ کی نظیر نہ تورات میں نازل ہوئی نہ انجیل میں اور نہ زبور میں اور نہ قرآن کریم میں کوئی دوسری سورۃ اس کی مثل ہے۔ (ترمذی:2875)

## ١ سُورَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ ٥

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢

تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے ① جو نہایت مہربان اور رحیم ہے ②

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤

روزِ جزا کا مالک ہے ③ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں ④

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

ہمیں سیدھا راستہ دکھا ⑤ ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام

عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝٧

فرمایا ⑥ (ان لوگوں کا راستہ نہیں) جن پر تیرا غضب ہوا اور جو گمراہ ہوئے ⑦

ع ١

## ١٨۔ سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ

اٰيَاتُهَا ١١٠ — رُكُوْعَاتُهَا ١٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ
سب تعریف اللہ کیلئے ہے جس نے اپنے بندے پر یہ کتاب (قرآن مجید) نازل کی اور اس میں کوئی ٹیڑھ
عِوَجًا ۜ ١ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ
نہیں رکھی ① یہ سیدھا راستہ بتانے والی کتاب ہے تاکہ لوگوں کو اللہ کے سخت عذاب سے خبردار کرے
الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۙ ٢ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ
اور ایمان لاکر نیک عمل کرنے والوں کو خوشخبری دے کہ ان کیلئے اچھا اجر ہے ② جس میں وہ
اَبَدًا ۙ ٣ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۤ ٤ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ
ہمیشہ رہیں گے ③ اور ان لوگوں کو ڈرائے جو کہتے ہیں کہ اللہ نے کسی کو بیٹا بنایا ہے ④ اس بات کا نہ انہیں
عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ۭ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۭ اِنْ
خود کوئی علم ہے اور نہ ان کے باپ دادا کو تھا۔ بہت ہی سخت بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے، جو کچھ
يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ٥ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ
وہ کہتے ہیں سراسر جھوٹ ہے ⑤ اے نبی ﷺ! شاید آپ انکے پیچھے غم کے مارے اپنے آپ کو ہلاک
يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ٦ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً
کر ڈالیں گے اگر یہ اس تعلیم پر ایمان نہ لائے ⑥ جو کچھ بھی زمین پر ہے اسکو ہم نے زمین کی زینت

لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ﴿۷﴾ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا

بنا دیا ہے تاکہ ہم لوگوں کو آزمائیں کہ ان میں کون اچھے عمل کرنیوالا ہے ﴿۷﴾ بیشک جو کچھ زمین پر ہے اس کو ہم

صَعِيْدًا جُرُزًا ﴿۸﴾ؕ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ

ایک چٹیل میدان بنا دینے والے ہیں ﴿۸﴾ؕ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ غار اور کتبے والے ہماری کوئی بڑی عجیب

كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ﴿۹﴾ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ

نشانیوں میں سے تھے ﴿۹﴾ جب چند نوجوانوں نے غار میں پناہ لی تو انہوں نے کہا کہ اے ہمارے رب!

اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى

ہم کو اپنی رحمتِ خاص سے نواز اور اس معاملے میں ہماری رہنمائی فرما ﴿۱۰﴾ تو ہم نے انہیں اسی غار میں

اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿۱۱﴾ۙ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ

سالہا سال کے لئے گہری نیند سلا دیا ﴿۱۱﴾ۙ پھر ہم نے انہیں اٹھایا تاکہ دیکھیں کہ

الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿۱۲﴾ؑ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ ۱ ع ۲ ۱۴

ہر دو فریق میں سے کون اپنی مدت قیام کا ٹھیک شمار کرتا ہے ﴿۱۲﴾ؑ ہم انکا اصل قصہ آپکو سناتے ہیں وہ چند نوجوان

بِالْحَقِّ ؕ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ﴿۱۳﴾ۖق وَّرَبَطْنَا

تھے جو اپنے رب پر ایمان لے آئے تھے اور ہم نے ان کو ہدایت میں مزید رہنمائی بخشی تھی ﴿۱۳﴾ۖق ہم نے انکے

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

دل اس وقت مضبوط کر دیئے جب وہ اٹھے اور انہوں نے یہ اعلان کر دیا کہ ہمارا رب تو بس وہی ہے جو آسمانوں

لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَاۤ اِذًا شَطَطًا ﴿۱۴﴾ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا

اور زمین کا رب ہے ہم اسے چھوڑ کر کسی دوسرے الٰہ کو نہ پکاریں گے اگر ہم ایسا کریں تو بعید از عقل بات کریں گے ﴿۱۴﴾

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۭ بَيِّنٍ ؕ

یہ ہماری قوم کے لوگ ہیں جنہوں نے اللہ کو چھوڑ کر دوسرے الٰہ بنا رکھے ہیں یہ انکے الٰہ ہونے پر کوئی واضح دلیل

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ ﴿۱۵﴾ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ

کیوں نہیں لاتے، بھلا اس شخص سے بڑا ظالم اور کون ہو گا جو اللہ پر جھوٹ باندھے ﴿۱۵﴾ اب جبکہ تم نے ان مشرکوں

وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗۤا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ

سے اور ان کے معبودانِ غیر اللہ سے کنارہ کر لیا تو چلو اب غار میں چل کر پناہ لو تمہارا رب تم پر اپنی رحمت وسیع

رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾ وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا

کرے گا اور تمہارے کام میں تمہارے لئے سہولت مہیا کریگا ﴿۱۶﴾ آپ انہیں غار میں دیکھتے تو یوں نظر آتا کہ سورج

طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ

جب نکلتا ہے تو انکے غار کو چھوڑ کر دائیں جانب چڑھ جاتا ہے اور جب غروب ہوتا ہے تو ان سے بچ کر بائیں

ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ مَنْ

جانب اتر جاتا ہے اور وہ نوجوان غار کی ایک کھلی جگہ میں تھے یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے۔ جسے

يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا

اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پانے والا ہے اور جسے اللہ گمراہ کر دے اس کیلئے آپ کوئی راستہ بتانے والا مددگار

ع ۲ ۱۴

مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖۗ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ

نہیں پا سکتے ﴿۱۷﴾ (اگر تم انہیں دیکھتے) تو یہ خیال کرتے کہ وہ جاگ رہے ہیں حالانکہ وہ سو رہے تھے اور ہم انہیں

الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ۭ

دائیں بائیں کروٹ بدلواتے رہتے تھے اور ان کا کتا غار کے دہانے پر ہاتھ پھیلائے بیٹھا تھا

لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿۱۸﴾

اگر تم کہیں جھانک کر انہیں دیکھتے تو الٹے پاؤں بھاگ کھڑے ہوتے اور تم پر دہشت طاری ہو جاتی ﴿۱۸﴾

وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَاۗءَلُوْا بَيْنَهُمْ ۭ قَالَ قَاۗىِٕلٌ مِّنْهُمْ كَمْ

اور ہم نے انہیں اٹھا کر بٹھایا تاکہ ذرا آپس میں سوال و جواب کریں ان میں سے ایک نے پوچھا کہ کتنی دیر اس

لَبِثْتُمْ ۭ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۭ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا

حال میں رہے؟ انہوں نے کہا کہ شاید ایک دن یا دن کا کچھ حصہ۔ پھر وہ بولے اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ ہمارا کتنا

لَبِثْتُمْ ۭ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ

وقت اس حالت میں گزرا۔ ایسا کرو کہ اپنے میں سے کسی کو چاندی کا یہ سکہ دے کر شہر بھیجو اور وہ دیکھے کہ سب سے

اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ

صاف ستھرا کھانا کہاں ملتا ہے وہاں سے وہ کچھ کھانے کیلئے لائے اور اسے نرم رویہ اختیار کرنا چاہئے اور وہ تمہارے

بِكُمْ اَحَدًا ﴿۱۹﴾ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ

بارے میں کسی ایک کو بھی ہرگز خبر نہ ہونے دے ﴿۱۹﴾ اگر کہیں وہ تمہاری خبر پالیں تو بس سنگسار ہی کر ڈالیں گے یا پھر

نصف القرآن ای نصف الحروف الی حرف الفاء من کلمۃ ولیتلطف

فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۞۲۰ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ

زبردستی تمہیں اپنے دین میں واپس لے جائینگے تو پھر تم کبھی فلاح نہ پاسکو گے ۞۲۰ اس طرح ہم نے اہل شہر کو

لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ

ان سے خبردار کردیا تاکہ لوگ جان لیں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ قیامت کی گھڑی آکر

يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۭ رَبُّهُمْ

رہے گی اُس وقت جب وہ آپس میں جھگڑ رہے تھے تو کچھ لوگوں نے کہا یہاں ان پر ایک عمارت بنادو، انکا رب ہی

اَعْلَمُ بِهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓي اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ

ان کے بارے میں بہتر جانتا ہے، مگر جو لوگ غالب تھے ان کے معاملے میں وہ کہنے لگے ہم تو ان پر ایک مسجد

مَّسْجِدًا ۞۲۱ سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ

بنائیں گے ۞۲۱ عنقریب کچھ لوگ کہیں گے کہ وہ تین تھے اور چوتھا ان کا کتا تھا اور کچھ دوسرے کہیں گے کہ پانچ تھے

كَلْبُهُمْ رَجْمًۢا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۭ قُلْ رَّبِّيْٓ

اور چھٹا ان کا کتا تھا۔ یہ سب بے تکی ہانکتے ہیں، کچھ کہتے ہیں کہ سات تھے اور آٹھواں انکا کتا تھا۔ کہئے میرا رب

اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ڨ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَاۗءً

ہی بہتر جانتا ہے کہ وہ کتنے تھے۔ انکی صحیح تعداد تھوڑے لوگ جانتے ہیں پس سرسری بات سے بڑھ کر اُن کے

ظَاهِرًا ۠ وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ۞۲۲ وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ اِنِّىْ

معاملے میں لوگوں سے بحث نہ کرو اور نہ ان کے بارے میں کسی سے کچھ پوچھو ۞۲۲ اور کسی چیز کے بارے میں

فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿٢٣﴾ إِلَّآ أَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۫ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ إِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ

کبھی یہ نہ کہا کرو کہ میں کل یہ کام کروں گا ﴿٢٣﴾ مگر یہ کہ اللہ چاہے اور جب تم بھول جاؤ تو اپنے رب کو یاد کرلو اور کہو

عَسٰٓى أَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِأَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿٢٤﴾ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ

امید ہے میرا رب مجھے اس سے زیادہ قریب کی بھلائی کی طرف ہدایت دیگا ﴿٢٤﴾ اور اصحاب کہف اپنے غار میں

ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿٢٥﴾ قُلِ اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ

تین سو سال رہے اور کچھ لوگوں نے نو سال زیادہ شمار کئے ﴿٢٥﴾ کہئے کہ اللہ ان کے قیام کی مدت کو زیادہ جانتا ہے

غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۭ أَبْصِرْ بِهٖ وَأَسْمِعْ ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ

آسمانوں اور زمین کے پوشیدہ احوال اسی کو معلوم ہیں۔ کیا خوب ہے وہ دیکھنے والا اور سننے والا۔ اُن کیلئے اللہ کے سوا کوئی

مِنْ وَّلِيٍّ ۡ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ أَحَدًا ﴿٢٦﴾ وَاتْلُ مَآ أُوْحِيَ إِلَيْكَ مِنْ

کارساز نہیں اور وہ اپنی حکومت میں کسی کو شریک نہیں کرتا ﴿٢٦﴾ اے نبی ﷺ سنا دیں جو آپ کے رب کی

كِتَابِ رَبِّكَ ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿٢٧﴾

کتاب میں سے آپ پر وحی کیا گیا ہے، کوئی اس کے ارشادات کو بدلنے والا نہیں اور آپ اللہ کے سوا کوئی جائے پناہ نہ پائیں گے ﴿٢٧﴾

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ

اور اپنے آپ کو ان لوگوں کی معیت پر ہی مطمئن رکھیں جو اپنے رب کو صبح وشام پکارتے ہیں اور اسکی رضا چاہتے

يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

ہیں اور آپ کی نگاہیں ان سے نہ ہٹنے پائیں کہ دنیا کی زندگی کی زینت پسند کرنے لگیں۔

وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ

اور کسی ایسے شخص کی اطاعت نہ کریں جس کا دل ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر دیا اور وہ اپنی خواہش نفس کے پیچھے پڑ گیا

النصف

فُرُطًا ﴿۲۸﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ قف فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ

اور اُس کا معاملہ حد سے بڑھا ہوا ہے ﴿۲۸﴾ اور کہہ دیں کہ حق تمہارے رب کی طرف سے ہے اب جسکا جی چاہے

فَلْيَكْفُرْ ۚ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۭ وَاِنْ

مان لے اور جسکا جی چاہے انکار کر دے ہم نے ظالموں کیلئے آگ تیار کر رکھی ہے، جس کی قناتیں انہیں گھیرے

يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۭ بِئْسَ الشَّرَابُ ۭ وَ

میں لے چکی ہیں۔ وہاں اگر وہ پانی مانگیں گے تو ایسے پانی سے اُنکی تواضع کی جائیگی جو تیل کی تلچھٹ جیسا ہو گا

سَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ

اور انکا چہرہ بھون ڈالے گا، بدترین مشروب اور بہت بری آرام گاہ ہوگی ﴿۲۹﴾ بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل

مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿۳۰﴾ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ

کئے یقیناً ہم ان کا اجر ضائع نہیں کیا کرتے ﴿۳۰﴾ اُن کے لئے ہمیشہ رہنے والے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں

الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا

بہہ رہی ہوں گی، وہاں وہ سونے کے کنگنوں سے آراستہ کئے جائیں گے، باریک ریشم اور اطلس و دیبا کے

خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِــِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَاۗىِٕكِ ۭ نِعْمَ

سبز کپڑے پہنیں گے اور اونچی مسندوں پر تکیے لگا کر بیٹھیں گے۔ کیا خوب اچھا بدلہ

الثَّوَابُ ؕ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۳۱﴾ ۧ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا

اور کیا ہی خوب آرام گاہ ہے ﴿۳۱﴾ اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ ان کے سامنے دو آدمیوں کی مثال بیان کریں جن میں

لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا

سے ایک کو ہم نے انگور کے دو باغ عطاء کئے اور اُن کے گرد کھجور کے درختوں کی باڑ لگائی اور اُن کے درمیان

بَيْنَهُمَا زَرْعًا ﴿۳۲﴾ ؕ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّ

قابل کاشت زمین بنائی ﴿۳۲﴾ دونوں باغ خوب پھلے پھولے اور انہوں نے ذرا سی بھی کسر نہ چھوڑی۔ ان باغوں

فَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ﴿۳۳﴾ ۙ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ

کے اندر ہم نے ایک نہر جاری کر دی ﴿۳۳﴾ اور اسے خوب نفع حاصل ہوا، وہ دوران گفتگو اپنے ساتھی سے کہنے لگا

اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ

میں تجھ سے زیادہ مالدار ہوں اور افرادی قوت بھی زیادہ رکھتا ہوں ﴿۳۴﴾ وہ اپنے باغ میں اس حال میں داخل ہوا کہ اپنی جان

قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ﴿۳۵﴾ ۙ وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّ

پر ظلم کر رہا تھا۔ کہنے لگا ”میں نہیں سمجھتا کہ یہ باغ بھی کبھی تباہ ہو سکتا ہے“ ﴿۳۵﴾ اور نہ ہی میں یہ گمان کرتا ہوں کہ

لَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ ۚ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ

قیامت برپا ہوگی اور اگر میں اپنے رب کی طرف لوٹایا بھی جاؤں تو ضرور اس سے بھی زیادہ بہتر جگہ پاؤں گا ﴿۳۶﴾

وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ

اس کے ساتھی نے دوران گفتگو کہا ”کیا تو اُس سے کفر کرتا ہے جس نے تجھے مٹی سے، پھر نطفے سے پیدا کیا،

ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿٣٧﴾ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿٣٨﴾ وَلَوْلَآ

پھر تجھے پورا آدمی بنا دیا ﴿٣٧﴾ لیکن وہی اللہ میرا رب ہے اور میں اُسکے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا ﴿٣٨﴾ اور جب تو اپنے

اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا

باغ میں داخل ہوا تو تو نے یہ کیوں نہ کہا "وہی ہوتا ہے جو اللہ چاہتا ہے اور اُسکی توفیق کے بغیر کسی کا کچھ زور نہیں" اگر تم مجھے دیکھتے ہو کہ میں

اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ۚ ﴿٣٩﴾ فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ

مال اور اولاد میں تم سے کم تر ہوں ﴿٣٩﴾ تو ممکن ہے کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے بہتر باغ عطا فرما دے

وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿٤٠﴾ ۙ اَوْ

اور تیرے باغ پر آسمان سے کوئی آفت بھیج دے جس سے وہ صاف میدان بن کر رہ جائے ﴿٤٠﴾ یا اس کا

يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿٤١﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ

پانی گہرائی میں چلا جائے اور تو پانی واپس لا بھی نہ سکے ﴿٤١﴾ اُسکے پھل کو عذاب نے آگھیرا اور جو کچھ وہ باغ پر

يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ

خرچ کر چکا تھا اس پر وہ اپنے دونوں ہاتھ ملتا رہ گیا اور وہ باغ اپنی چھتوں کے بل گرا ہوا تھا اور کہنے لگا کہ

يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿٤٢﴾ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ

کاش میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا ﴿٤٢﴾ اللہ کے سوا کوئی جماعت ایسی نہ تھی جو اس کی مدد کرتی

دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿٤٣﴾ ؕ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ

اور وہ خود بھی اس آفت کا مقابلہ نہ کر سکا ﴿٤٣﴾ اُس وقت معلوم ہوا کہ مکمل اختیار تو اللہ برحق کا ہے وہی بہتر ثواب دینے

ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿٤٤﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ

والا اور اچھا بدلہ دینے والا ہے ﴿۴۴﴾ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں دنیا کی زندگی کی یہ مثال بیان کیجئے کہ جیسے پانی

اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا

ہم نے آسمان سے برسایا، جس سے زمین کی نباتات گھنی ہوگئیں پھر (وہی نباتات) ایسا بھس بن گئیں

تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿٤٥﴾ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ

جسے ہوائیں اڑائے پھرتی ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ﴿۴۵﴾ یہ مال اور بیٹے تو صرف دنیا کی زندگی

زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا

کی زینت ہیں، اصل میں تو باقی رہ جانیوالی نیکیاں ہی تیرے رب کے نزدیک ثواب اور اچھی امید کے

وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿٤٦﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ

لحاظ سے بہتر ہیں ﴿۴۶﴾ اُس دن کہ جب ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور تم زمین کو صاف میدان دیکھو گے

وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿٤٧﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ

اور ہم لوگوں کو جمع کریں گے تو ان میں سے کسی کو بھی نہیں چھوڑیں گے ﴿۴۷﴾ اور سب تمہارے رب کے سامنے صف

صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۢ بَلْ

باندھ کر لائے جائیں گے آخر تم ہمارے پاس اسی طرح آ گئے جیسے ہم نے پہلی بار تمہیں پیدا کیا تھا۔ لیکن تم نے

زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿٤٨﴾

تو یہ خیال کر رکھا تھا کہ ہم نے تمہارے لئے کوئی وعدے کا وقت مقرر ہی نہیں کیا تھا ﴿۴۸﴾

وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ

اور نامہ اعمال رکھ دیا جائیگا اور آپ مجرموں کو دیکھیں گے کہ وہ اپنے اعمال نامے کے اندراجات

وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً

سے ڈر رہے ہوں گے اور کہیں گے کہ "ہائے ہماری کمبختی کہ کیسی کتاب ہے کہ ہماری کوئی چھوٹی

وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ

اور کوئی بڑی حرکت ایسی نہیں رہی جو اس میں درج نہ ہوگئی ہو" اور جو عمل کئے ہونگے سب کو حاضر پائینگے

ع۷ ۵ ۱۸ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ

اور آپ کا پروردگار کسی پر ظلم نہیں کریگا ﴿۴۹﴾ (یاد کرو) جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو،

فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ

تو انہوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے۔ وہ جنوں میں سے تھا اس لئے اپنے رب کے حکم کی اطاعت سے نکل گیا

اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ

اب کیا تم مجھے چھوڑ کر اس کو اور اس کی اولاد کو اپنا دوست بناتے ہو حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہیں؟ بہت برا بدل

لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ﴿۵۰﴾ مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا

ہے ظالموں کیلئے ﴿۵۰﴾ میں نے آسمان و زمین پیدا کرتے وقت اُن کو گواہ نہیں بنایا تھا اور نہ خود ان کی

خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۪ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿۵۱﴾

پیدائش کے وقت اور میں گمراہ کرنے والوں کو اپنا مددگار بنانے والا بھی نہیں ﴿۵۱﴾

وَیَوۡمَ یَقُوۡلُ نَادُوۡا شُرَکَآءِیَ الَّذِیۡنَ زَعَمۡتُمۡ فَدَعَوۡهُمۡ

اُس روز جبکہ اُن کا رب کہے گا کہ پکارو اب اُن کو جنہیں تم میرا شریک خیال کرتے تھے تو یہ اُنکو پکاریں گے

فَلَمۡ یَسۡتَجِیۡبُوۡا لَهُمۡ وَجَعَلۡنَا بَیۡنَهُمۡ مَّوۡبِقًا ﴿۵۲﴾ وَرَاَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ النَّارَ

مگر وہ اُنہیں کوئی جواب نہ دینگے اور ہم اُنکے درمیان ایک ہلاکت کا گڑھا بنا دینگے ﴿۵۲﴾ سارے مجرم اُس روز آگ

فَظَنُّوۡۤا اَنَّهُمۡ مُّوَاقِعُوۡهَا وَلَمۡ یَجِدُوۡا عَنۡهَا مَصۡرِفًا ﴿۵۳﴾ وَلَقَدۡ ۷ع۱۹

دیکھیں گے اور سمجھ لیں گے کہ اب انہیں اس میں گرنا ہے اور وہ اس سے بچنے کیلئے کوئی راستہ نہ پائینگے ﴿۵۳﴾

صَرَّفۡنَا فِیۡ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ لِلنَّاسِ مِنۡ کُلِّ مَثَلٍ ؕ وَکَانَ الۡاِنۡسَانُ اَکۡثَرَ

اور ہم نے اس قرآن میں لوگوں کو طرح طرح کی مثالوں سے سمجھایا مگر انسان بڑا ہی جھگڑالو

شَیۡءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنۡ یُّؤۡمِنُوۡۤا اِذۡ جَآءَهُمُ الۡهُدٰی

واقع ہوا ہے ﴿۵۴﴾ اور جب لوگوں کے سامنے ہدایت آئی تو انہیں اس پر ایمان لانے اور اپنے رب کی

وَیَسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّهُمۡ اِلَّاۤ اَنۡ تَاۡتِیَهُمۡ

مغفرت سے آخر کس چیز نے روک دیا؟ سوائے اُس کے اور کچھ نہیں کہ وہ منتظر ہیں کہ اُن کے ساتھ بھی

سُنَّةُ الۡاَوَّلِیۡنَ اَوۡ یَاۡتِیَهُمُ الۡعَذَابُ قُبُلًا ﴿۵۵﴾

وہی کچھ ہو جو پچھلی قوموں کے ساتھ ہو چکا ہے یا یہ کہ وہ عذاب کو اپنے سامنے دیکھ لیں ﴿۵۵﴾

وَمَا نُرۡسِلُ الۡمُرۡسَلِیۡنَ اِلَّا مُبَشِّرِیۡنَ وَمُنۡذِرِیۡنَ ۚ

رسولوں کو ہم اس کام کے سوا اور کسی غرض کے لئے نہیں بھیجتے کہ وہ بشارت دیں اور ڈرائیں،

وَيُجَادِلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ

مگر کافروں کا یہ حال ہے کہ وہ باطل دلائل کے ساتھ حق کو نیچا دکھانے کی کوشش کرتے ہیں

وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَمَا أُنذِرُوا هُزُوًا ﴿٥٦﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن

اور انہوں نے میری آیات کو اور اُن تنبیہات کو جو اُنہیں کی گئیں، مذاق بنالیا ہے ﴿٥٦﴾ اور اُس شخص سے بڑھ

ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ فَأَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ

کر ظالم اور کون ہوگا جسے اُس کے رب کی آیات سنا کر نصیحت کی جائے اور وہ اُن سے منہ پھیر لے اور وہ

مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ ۚ إِنَّا جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً

سب کام بھول جائے جو اُس نے آگے بھیجے ہیں۔ ایسے لوگوں کے دلوں پر ہم نے پردے ڈال دیئے

أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ۖ

ہیں جو اُنہیں قرآن کی بات سمجھنے نہیں دیتے اور ان کے کانوں میں ہم نے گرانی پیدا کر دی ہے۔

وَإِن تَدْعُهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ فَلَن يَهْتَدُوا إِذًا أَبَدًا ﴿٥٧﴾

آپ انہیں ہدایت کی طرف کتنا ہی بلائیں وہ کبھی بھی راہ راست پر نہ آئیں گے ﴿٥٧﴾

وَرَبُّكَ الْغَفُورُ ذُو الرَّحْمَةِ ۖ لَوْ يُؤَاخِذُهُم بِمَا كَسَبُوا لَعَجَّلَ لَهُمُ

اور آپ کا رب بہت بخشنے والا اور رحیم ہے اور اگر وہ اُن کے کرتوتوں پر اُنہیں پکڑنا چاہتا تو جلد ہی

الْعَذَابَ ۚ بَل لَّهُم مَّوْعِدٌ لَّن يَجِدُوا مِن دُونِهِ مَوْئِلًا ﴿٥٨﴾

عذاب بھیج دیتا مگر اُن کیلئے وعدے کا ایک وقت مقرر ہے جس سے یہ لوگ کوئی پناہ کی جگہ نہ پا سکیں گے ﴿٥٨﴾

وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾ ع

اور یہ بستیاں، جب انہوں نے ظلم کیا تو ہم نے اُنہیں ہلاک کر دیا اور ان میں سے ہر ایک کی ہلاکت کیلئے

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ

ہم نے وقت مقرر کر رکھا تھا ﴿۵۹﴾ اور جب موسیٰ نے اپنے خادم سے کہا تھا کہ ''میں اپنا سفر ختم نہ کروں گا

حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِىَ حُقُبًا ﴿۶۰﴾

جب تک کہ دونوں دریاؤں کے سنگم پر نہ پہنچ جاؤں یا پھر میں مدتوں چلتا ہی رہوں گا'' ﴿۶۰﴾

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِى الْبَحْرِ

پس جب وہ اُن کے سنگم پر پہنچے تو اپنی مچھلی کو بھول گئے اور اس مچھلی نے دریا میں سرنگ کی طرح اپنا راستہ

سَرَبًا ﴿۶۱﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا

بنالیا ﴿۶۱﴾ جب وہ وہاں سے آگے چلے تو موسیٰ نے اپنے خادم سے کہا ''لاؤ ہمارا کھانا آج کے سفر میں تو ہم تھک

هٰذَا نَصَبًا ﴿۶۲﴾ قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّىْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ

گئے ہیں'' ﴿۶۲﴾ خادم نے کہا' آپ نے دیکھا، جب ہم اس چٹان کے پاس ٹھہرے اُس وقت میں مچھلی کو بھول گیا

وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِى الْبَحْرِ ۖ

اور یہ شیطان ہی تھا جس نے مجھے آپ سے مچھلی کا ذکر کرنا بھلا دیا'' مچھلی نے تو عجیب طریقے سے دریا میں

عَجَبًا ﴿۶۳﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿۶۴﴾

اپنی راہ بنالی تھی ﴿۶۳﴾ موسیٰ نے کہا ''اسی چیز کی تو ہمیں تلاش تھی'' وہ اپنے قدموں کے نشان پر واپس ہوئے ﴿۶۴﴾

فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ

اور وہاں انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندے کو پالیا جسے ہم نے اپنی رحمت سے نوازا تھا اور اپنی

مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿٦٥﴾ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى

طرف سے ایک خاص علم عطاء کیا تھا ﴿٦٥﴾ موسیٰ نے اُس (خضر) سے کہا، کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں

اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿٦٦﴾ قَالَ اِنَّكَ

تا کہ آپ مجھے بھی وہ علم سکھائیں جو (اللہ نے) آپ کو سکھایا گیا ہے'' ﴿٦٦﴾ (خضر) نے جواب دیا ''آپ

لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٦٧﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿٦٨﴾

میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے'' ﴿٦٧﴾ اور جس چیز کی آپ کو خبر نہ ہو آخر آپ اُس پر صبر کر بھی کیسے سکتے ہیں ﴿٦٨﴾

قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿٦٩﴾

موسیٰ نے کہا ''ان شاء اللہ آپ مجھے صابر پائیں گے اور میں کسی معاملے میں آپ کی نافرمانی نہ کروں گا ﴿٦٩﴾

قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿٧٠﴾

(خضر) نے کہا، اگر آپ کو میرے ساتھ رہنا ہے تو مجھ سے کوئی بات نہ پوچھیں حتیٰ کہ میں خود آپ سے اس کا ذکر کروں ﴿٧٠﴾

فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ؕ

اب وہ دونوں روانہ ہوئے، یہاں تک کہ وہ ایک کشتی میں سوار ہو گئے تو اس شخص (خضر) نے کشتی میں شگاف ڈال دیا'

قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا ﴿٧١﴾

موسیٰ نے کہا ''آپ نے اس میں شگاف ڈال دیا تا کہ سب کشتی والوں کو ڈبو دیں؟ یہ تو آپ نے غلط کام کیا ہے ﴿٧١﴾

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ۝٧٢ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ

اس (خضر) نے کہا "میں نے تم سے کہا نہ تھا کہ تم میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے ؟ ۝ موسیٰ نے کہا مجھے نہ پکڑیے

بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ۝٧٣ فَانْطَلَقَا حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا

بھول جانے پر اور میرے معاملے میں مجھ پر مشکل نہ ڈالئے" ۝ پھر وہ دونوں چلے، یہاں تک کہ وہ ملے

غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً ۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ۭ

ایک لڑکے کو جسے اُس شخص نے مار ڈالا۔ موسیٰ نے کہا آپ نے ایک بے گناہ کو قتل کر دیا جس نے کسی کو قتل نہ کیا تھا۔

لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ۝٧٤

یہ کام تو آپ نے بہت ہی برا کیا" ۝

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ۝٧٥ قَالَ اِنْ

اُس (خضر) نے کہا "میں نے تم سے کہا نہ تھا کہ تم میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے ۝ موسیٰ نے کہا اس کے بعد

سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ ۢ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ

اگر میں آپ سے کچھ پوچھوں تو آپ مجھے ساتھ نہ رکھیں، اب میری طرف سے آپ پر کوئی عذر

لَّدُنِّيْ عُذْرًا ۝٧٦ فَانْطَلَقَا حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةِ ۨ اسْتَطْعَمَآ

باقی نہ رہے گا ۝ پھر وہ آگے چلے یہاں تک کہ ایک بستی میں پہنچے اور وہاں کے لوگوں سے کھانا مانگا مگر انہوں

اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا

نے ان دونوں کی ضیافت سے انکار کر دیا، وہاں انہوں نے ایک دیوار دیکھی

يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ

جو گرا چاہتی تھی تو اُس شخص (خضر) نے اس دیوار کو پھر سے قائم کر دیا موسیٰ نے کہا' اگر آپ چاہتے تو ان سے

عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿۷۷﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ

اس کام کی اجرت لے سکتے تھے'' ﴿۷۷﴾ اُس (خضر) نے کہا' بس میرا تمہارا ساتھ ختم ہوا۔ اب میں تمہیں بتاتا

بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۷۸﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ

ہوں اُن باتوں کی حقیقت جن پر تم صبر نہ کر سکے'' ﴿۷۸﴾ اُس کشتی کا معاملہ یہ تھا کہ وہ چند غریب آدمیوں کی تھی

لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ

جو دریا میں محنت مزدوری کرتے تھے۔ میں نے چاہا کہ اُسے عیب دار کر دوں، کیونکہ آگے ایک ایسے

مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿۷۹﴾ وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ

بادشاہ کا علاقہ تھا جو ہر کشتی کو زبردستی چھین لیتا تھا ﴿۷۹﴾ (اور لڑکے کا قصہ یہ ہے کہ) اُس کے والدین

مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ ﴿۸۰﴾ فَاَرَدْنَآ

مومن تھے، ہمیں اندیشہ ہوا کہ یہ لڑکا اپنی سرکشی اور کفر سے اُن کو تنگ کرے گا ﴿۸۰﴾ لہٰذا ہم نے چاہا کہ اُس کے

اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿۸۱﴾

بدلے اُن کا رب اُن کو ایسی اولاد دے جو پاکیزگیٔ اخلاق میں اس سے بہتر ہو اور صلہ رحمی میں قریب تر ہو ﴿۸۱﴾

وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ

اور اُس دیوار کا معاملہ یہ ہے کہ یہ دو یتیم لڑکوں کی تھی جو اُس شہر میں رہتے تھے، اس دیوار کے نیچے اُن کا

كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ

ایک خزانہ مدفون تھا اور اُن کا باپ ایک نیک آدمی تھا، اس لئے آپ کے رب نے چاہا کہ یہ دونوں یتیم بچے

اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهٗ

بالغ ہو کر اپنا خزانہ نکال لیں ۔ یہ آپ کے رب کی رحمت کی بنا پر کیا گیا تھا ۔ میں نے کچھ بھی اپنے اختیار سے

عَنْ اَمْرِيْ ۭ ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ؀ ع ١٠ ١٢

نہیں کیا ۔ یہ ہے حقیقت اُن باتوں کی جن پر آپ صبر نہ کر سکے ؀

وَيَسْـَٔــلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۭ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ

اور اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ لوگ آپ سے ذوالقرنین کے بارے میں پوچھتے ہیں ۔ ان سے کہیں میں ابھی اس کا

مِّنْهُ ذِكْرًا ؀ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ

کچھ حال تمہیں سناتا ہوں ؀ ہم نے اُس کو زمین میں اقتدار بخشا تھا اور اُسے ہر قسم کے اسباب و وسائل بھی

سَبَبًا ؀ۙ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ؀ حَتّٰٓي اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا

بخشے تھے ؀ وہ ایک راہ پر چلا ؀ حتیٰ کہ جب وہ سورج غروب ہونے کی جگہ پہنچ گیا تو اس نے سورج

تَغْرُبُ فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ڛ قُلْنَا

کو ایک کالے پانی میں ڈوبتے دیکھا اور وہاں اسے ایک قوم ملی ۔ ہم نے کہا

يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ؀

”اے ذوالقرنین ! تجھے یہ اختیار حاصل ہے کہ ان کو تکلیف پہنچائے اور یا انکے ساتھ نیک رویہ اختیار کرے ؀

قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ

ذوالقرنین نے کہا ”جوان میں سے ظلم کریگا ہم اس کو سزا دینگے، پھر وہ اپنے رب کی طرف پلٹایا جائیگا اور وہ

عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨٧﴾ وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ

اسے اور زیادہ سخت عذاب دے گا ﴿٨٧﴾ اور جوان میں سے ایمان لائیگا اور نیک عمل کرے گا، اس کے لئے

ۨالْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ﴿٨٨﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٩﴾

اچھی جزا ہے اور ہم اُس کو نرم احکام دیں گے ﴿٨٨﴾ پھر وہ ایک دوسری مہم کی طرف چل پڑا ﴿٨٩﴾

حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ

یہاں تک کہ سورج کے طلوع ہونے کی حد تک جا پہنچا۔ وہاں اُس نے دیکھا کہ سورج ایک ایسی قوم پر طلوع

لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ﴿٩٠﴾ كَذٰلِكَ ؕ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿٩١﴾

ہو رہا ہے جس کیلئے ہم نے کوئی پردہ نہیں بنایا تھا ﴿٩٠﴾ واقعہ یہی تھا اور ذوالقرنین کے پاس جو کچھ تھا اُسے ہم جانتے تھے ﴿٩١﴾

ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ

پھر وہ ایک اور راہ پر چل پڑا ﴿٩٢﴾ یہاں تک کہ جب دو پہاڑوں کے درمیان پہنچا تو اُسے اُن کے پاس ایک

دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿٩٣﴾ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ

قوم ملی جو مشکل ہی سے کوئی بات سمجھتی تھی ﴿٩٣﴾ اُن لوگوں نے کہا ”اے ذوالقرنین!

اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ

یاجوج اور ماجوج نے اس سرزمین میں فساد پھیلا رکھا ہے تو کیا ہم آپ کو اس کام کیلئے چندہ اکٹھا کر دیں کہ

لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ۹۴ قَالَ مَا مَكَّنِّيْ

آپ ہمارے اور اُنکے درمیان ایک دیوار چُن دیں؟ ۹۴ اُس نے کہا جو کچھ میرے رب نے مجھے مال دے رکھا

فِيْهِ رَبِّيْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ۹۵ ۙ

ہے وہ بہت ہے۔ تم جسمانی قوت سے میری مدد کرو۔ میں تمہارے اور اُنکے درمیان بند بنائے دیتا ہوں ۹۵ ۙ

اٰتُوْنِيْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ۭ

مجھے لوہے کی چادریں لادو۔ آخر جب دونوں پہاڑوں کے درمیان خلا کو اُس نے برابر کر دیا تو کہا کہ اب آگ دہکاؤ'

حَتّٰٓى اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِيْٓ اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ۹۶ ۭ

حتیٰ کہ جب اس آہنی دیوار کو بالکل سرخ کر دیا تو کہا اب میرے پاس لاؤ کہ میں پگھلا ہوا تانبا انڈیل دوں ۹۶ ۭ

فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ۹۷ قَالَ

(یہ بند ایسا تھا کہ) یا جوج ماجوج اس پر نہ تو چڑھ سکتے تھے اور نہ اس میں نقب لگا سکتے تھے ۹۷ ذوالقرنین نے کہا

هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ ۚ فَاِذَا جَاۗءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّاۗءَ ۚ

یہ میرے رب کی رحمت ہے مگر جب میرے رب کے وعدے کا وقت آئے گا تو وہ اس کو پیوند خاک کر دے گا

وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا ۹۸ ۭ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَىِٕذٍ يَّمُوْجُ

اور میرے رب کا وعدہ برحق ہے ۹۸ ۭ اور اُس روز ہم لوگوں کو چھوڑ دیں گے کہ ایک دوسرے سے گتھم گتھا ہو جائیں

فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ۹۹ ۙ

اور صور پھونکا جائے گا اور پھر ہم سب انسانوں کو ایک ساتھ جمع کریں گے ۹۹ ۙ

وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ۙ﴿١٠٠﴾ الَّذِيْنَ كَانَتْ

اور وہ دن ہوگا جب ہم جہنم کو کافروں کے سامنے لائیں گے ﴿١٠٠﴾ ان کافروں کے سامنے

اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿١٠١﴾

جو میری نصیحت کی طرف سے اندھے بنے ہوئے تھے اور کچھ سننے کے لئے تیار ہی نہ تھے ﴿١٠١﴾

اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ

تو کیا وہ لوگ یہ خیال رکھتے ہیں جنھوں نے کفر اختیار کیا ہے کہ مجھے چھوڑ کر میرے بندوں کو اپنا کارساز بنالیں گے؟

اَوْلِيَآءَ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿١٠٢﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ

ہم نے ایسے کافروں کی ضیافت کے لئے جہنم تیار کر رکھی ہے ﴿١٠٢﴾ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان سے کہئے، کیا ہم آپ کو

بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ﴿١٠٣﴾ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ

بتائیں کہ اپنے اعمال میں سب سے زیادہ ناکام و نامراد لوگ کون ہیں ﴿١٠٣﴾ وہ لوگ کہ جن کی ساری سعی اور جدوجہد

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿١٠٤﴾

دنیا کی زندگی میں راہِ راست سے بھٹکی رہی اور وہ سمجھتے رہے کہ وہ سب کچھ ٹھیک کر رہے ہیں ﴿١٠٤﴾

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَاۗىِٕهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ

یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے رب کی آیات اور اس کی ملاقات کو ماننے سے انکار کیا۔ لہٰذا انکے سارے

فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿١٠٥﴾ ذٰلِكَ جَزَاۗؤُهُمْ جَهَنَّمُ

اعمال ضائع ہو گئے اور قیامت کے روز ہم انہیں کوئی وزن نہ دیں گے ﴿١٠٥﴾ ان کی جزا جہنم ہے

بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿١٠٦﴾

اُس کفر کے بدلے جو وہ میری آیات اور میرے رسولوں کے ساتھ مذاق کرتے رہے ﴿١٠٦﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ

البتہ وہ لوگ جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے، ان کی میزبانی کے لئے فردوس کے

نُزُلًا ﴿١٠٧﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾

باغ ہوں گے ﴿١٠٧﴾ جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور کبھی اس جگہ سے نکل کر کہیں اور جانے کو ان کا جی نہ چاہے گا ﴿١٠٨﴾

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ

اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان سے کہہ دیجئے کہ اگر سمندر میرے رب کی باتیں لکھنے کے لئے روشنائی بن جائے تو وہ ختم

قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿١٠٩﴾

ہو جائے گا اس سے پہلے کہ میرے رب کی باتیں ختم ہوں بلکہ اگر اتنی ہی روشنائی اور لے آئیں (تو وہ بھی کفایت نہ کریگا) ﴿١٠٩﴾

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ

اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان سے کہیں کہ میں تو تم ہی جیسا ایک انسان ہوں (یہ فرق ہے کہ) میری طرف وحی

اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ

کی جاتی ہے کہ تمہارا الہ بس ایک ہی الہ ہے، پس جو کوئی اپنے رب کی ملاقات کی امید رکھتا ہو

فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿١١٠﴾ ع ١٢ ٣

اسے چاہئے کہ نیک عمل کرے اور بندگی میں اپنے رب کے ساتھ کسی اور کو شریک نہ کرے ﴿١١٠﴾

## ٣٦۔ سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ

اٰيَاتُهَا ٨٣
رُكُوْعَاتُهَا ٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰسٓ ۚ ١ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ ٢ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۙ ٣

یٰسٓ ١ قسم ہے قرآن حکیم کی ٢ بیشک آپ رسولوں میں سے ہیں ٣

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ؕ ٤ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۙ ٥

سیدھے راستہ پر ہیں ٤ غالب اور رحیم ہستی کا نازل کردہ ہے ٥

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ٦

تاکہ آپ اس قوم کو خبردار کریں جس کے باپ دادا خبردار نہ کئے گئے تھے اس لئے وہ غافل ہیں ٦

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ٧

تحقیق ان میں سے اکثر لوگ فیصلہ عذاب کے مستحق ہو چکے ہیں اسی لئے وہ ایمان نہ لائیں گے ٧

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ

بیشک ہم نے ان کی گردنوں میں طوق ڈال دیئے ہیں جن سے وہ ٹھوڑیوں تک جکڑے گئے ہیں اسی لئے وہ

مُّقْمَحُوْنَ ٨ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا

سر اٹھائے کھڑے ہیں ٨ اور ہم نے ایک دیوار ان کے آگے کھڑی کر دی ہے

وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ٩

اور ایک دیوار ان کے پیچھے، پھر ہم نے انہیں ڈھانپ دیا ہے، اب انہیں کچھ نہیں سوجھتا ٩

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠﴾

ان کے لئے یکساں ہے، آپ انہیں خبردار کریں یا نہ کریں وہ ایمان نہیں لائیں گے ⑩

اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ

تم تو اسی شخص کو خبردار کر سکتے ہو جو نصیحت کی پیروی کرے اور بن دیکھے اللہ سے ڈرے، پس آپ اسے خوشخبری

بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿١١﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا

دے دیں بخشش اور اچھے اجر کی ⑪ ہم یقیناً مردوں کو زندہ کرتے ہیں، ہم ان کے اعمال اور ان کے

وَاٰثَارَهُمْ ۗ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿١٢﴾

نشانات لکھتے ہیں (جو وہ چھوڑ گئے) اور ہر چیز کو ہم نے ایک کھلی کتاب میں درج کر رکھا ہے ⑫

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿١٣﴾

انہیں مثال کے طور پر بستی والوں کا قصہ سناؤ جب ان کے پاس رسول آئے ⑬

اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ

جب ہم نے ان کی طرف دو رسول بھیجے تو انہوں نے دونوں کو جھٹلا دیا، پھر ہم نے تیسرے سے تقویت دی

فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿١٤﴾ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ

پس انہوں نے کہا بیشک ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں ⑭ وہ بولے تم محض ہم جیسے آدمی ہو،

وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿١٥﴾

اور اللہ نے کچھ بھی نہیں نازل کیا تم محض جھوٹ بولتے ہو ⑮

وقف غفران

وقف لازم

قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ

رسولوں نے کہا ہمارا رب جانتا ہے، بیشک ہم تمہاری طرف رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں ﴿۱۶﴾ اور ہم پر صاف صاف

الْمُبِيْنُ ﴿۱۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ

پہنچا دینے کے سوا کوئی ذمہ داری نہیں ہے ﴿۱۷﴾ بستی والے کہنے لگے ہم تمہیں فال بد سمجھتے ہیں اگر تم باز نہ آئے

وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾ قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ

تو ہم تمہیں سنگسار کر دیں گے اور ہم سے تم بڑی دردناک سزا پاؤ گے ﴿۱۸﴾ رسولوں نے کہا تمہاری نحوست تمہارے

اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

ساتھ ہے، کیا تمہیں اگر نصیحت کی جائے (تو اسے تم نحوست سمجھو گے) بلکہ تم حد سے گزرے ہوئے لوگ ہو ﴿۱۹﴾

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا

(اتنے میں) شہر کے پرلے سرے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا اور یوں کہا اے میری قوم! تم

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

رسولوں کی پیروی کرو ﴿۲۰﴾ تم ان کی پیروی کرو جو تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے اور وہ ہدایت یافتہ ہیں ﴿۲۱﴾

وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۲﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنْ

آخر کیوں نہ میں اس ہستی کی بندگی کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور تم اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے ﴿۲۲﴾ کیا میں

دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ

اس کے سوا ایسے معبود بنا لوں؟ اگر رحمٰن مجھے نقصان پہنچانا چاہے تو نہ ان کی سفارش میرے کام آئے گی

شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿٢٣﴾ اِنِّيْۤ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٤﴾ اِنِّيْۤ اٰمَنْتُ

اور نہ وہ مجھے چھڑا سکیں گے ﴿٢٣﴾ بیشک میں اس وقت کھلی گمراہی میں ہوں گا ﴿٢٤﴾ بیشک میں تمہارے پروردگار

بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿٢٥﴾ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۭ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ

پر ایمان لایا پس تم میری بات مانو ﴿٢٥﴾ ارشاد ہوا تو جنت میں داخل ہوجا، اس نے کہا اے کاش! میری قوم اس

يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿٢٧﴾

بات کو جانتی کہ ﴿٢٦﴾ مجھے کس چیز کی بدولت بخش دیا میرے رب نے اور اُسنے مجھے باعزت لوگوں میں سے بنایا ﴿٢٧﴾

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰي قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَمَا

اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر آسمان سے (فرشتوں کا) کوئی لشکر نہیں اتارا اور نہ ہم

كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿٢٨﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿٢٩﴾

اتارنے والے تھے ﴿٢٨﴾ (ان کی سزا) نہ تھی مگر ایک چنگھاڑ، پس وہ اچانک بجھ کر رہ گئے ﴿٢٩﴾

يٰحَسْرَةً عَلَي الْعِبَادِ ڱ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٠﴾ وقف غفران ١٢

ہائے حسرت بندوں پر! کہ ان کے پاس جو رسول بھی آیا اس کا وہ مذاق ہی اڑاتے رہے ﴿٣٠﴾

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٣١﴾

کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟ ہم ان سے قبل کتنی قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں کہ وہ اُنکی طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے ﴿٣١﴾

وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٢﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ ع ٢

اور سب کے سب ہمارے روبرو حاضر کئے جائیں گے ﴿٣٢﴾ اِن لوگوں کے لئے بے جان زمین ایک نشانی ہے۔

الْمَيْتَةُ ۚ أَحْيَيْنَاهَا وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلْنَا

ہم نے اسے زندہ کیا اور ہم نے اس سے اناج نکالا، جسے یہ کھاتے ہیں ﴿٣٣﴾ اور ہم نے

فِيهَا جَنَّاتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ ﴿٣٤﴾

اس میں کھجوروں اور انگوروں کے باغات بنائے اور ہم نے اس میں چشمے جاری کئے ﴿٣٤﴾

لِيَأْكُلُوا مِن ثَمَرِهِ وَمَا عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِمْ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٣٥﴾

تاکہ وہ اس کے پھل کھائیں اور اسے ان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا، تو کیا وہ شکر نہ کریں گے؟ ﴿٣٥﴾

سُبْحَانَ الَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنبِتُ الْأَرْضُ وَمِنْ

پاک ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کے جوڑے پیدا کئے خواہ وہ زمین کی نباتات میں سے ہوں یا خود ان کی

أَنفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٦﴾ وَآيَةٌ لَّهُمُ اللَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ

اپنی جنس میں سے اور ان میں سے جنہیں وہ نہیں جانتے ﴿٣٦﴾ اور ان کیلئے رات ایک نشانی ہے، ہم اِس کے اوپر

فَإِذَا هُم مُّظْلِمُونَ ﴿٣٧﴾ وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۚ ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ

سے دِن ہٹا دیتے ہیں تو اُن پر اندھیرا چھا جاتا ہے ﴿٣٧﴾ اور سورج اپنے مقررہ راستہ پر چلتا رہتا ہے، یہ زبردست

الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ﴿٣٨﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ حَتَّىٰ عَادَ كَالْعُرْجُونِ

علیم ہستی کا مقرر کیا ہوا ہے ﴿٣٨﴾ اور چاند کے لئے ہم نے منزلیں مقرر کیں یہاں تک کہ وہ کھجور کی پرانی شاخ

الْقَدِيمِ ﴿٣٩﴾ لَا الشَّمْسُ يَنبَغِي لَهَا أَن تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا اللَّيْلُ

کی طرح ہو جاتا ہے ﴿٣٩﴾ نہ سورج کی مجال کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات کی مجال کہ دن سے پہلے آسکے

سَابِقُ النَّهَارِ ۚ وَكُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ ﴿٤٠﴾ وَآيَةٌ لَّهُمْ أَنَّا حَمَلْنَا

اور سب ایک ایک فلک میں تیر رہے ہیں ﴿۴۰﴾ اور ان کیلئے ایک نشانی یہ ہے کہ ہم نے ان کی نسل کو بھری ہوئی

ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿٤١﴾ وَخَلَقْنَا لَهُم مِّن مِّثْلِهِ مَا يَرْكَبُونَ ﴿٤٢﴾

کشتی میں سوار کیا ﴿۴۱﴾ اور ہم نے ان کے لئے ویسی ہی چیزیں اور پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں ﴿۴۲﴾

وَإِن نَّشَأْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنقَذُونَ ﴿٤٣﴾

اور اگر ہم چاہیں تو انہیں غرق کر دیں تو نہ کوئی ان کی فریاد سننے والا ہوگا اور نہ یہ کسی طرح بچائے جا سکیں گے ﴿۴۳﴾

إِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا إِلَىٰ حِينٍ ﴿٤٤﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّقُوا مَا

بس ہماری رحمت ہی ہے جو ایک وقت معین تک فائدہ دیتی ہے ﴿۴۴﴾ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم ڈرو

بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿٤٥﴾ وَمَا تَأْتِيهِم مِّنْ

جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے ہے شاید تم پر رحم کیا جائے ﴿۴۵﴾ اور ان کے پاس ان کے رب کی

آيَةٍ مِّنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ﴿٤٦﴾ وَإِذَا قِيلَ

نشانیوں میں سے کوئی نشانی نہیں آتی، مگر وہ اس سے اعراض کر جاتے ہیں ﴿۴۶﴾ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ

لَهُمْ أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا

جو اللہ نے تمہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرو تو یہ لوگ جنھوں نے کفر کیا ہے ان لوگوں سے جو ایمان لائے

أَنُطْعِمُ مَن لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ أَطْعَمَهُ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٤٧﴾

ہیں کہتے ہیں، کیا ہم اسے کھلائیں جسے اگر اللہ چاہتا تو اسے خود کھلا دیتا، تم تو صرف کھلی گمراہی میں ہو ﴿۴۷﴾

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٨﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ

اور کافر کہتے ہیں کہ یہ قیامت کی دھمکی کا وعدہ آخر کب پورا ہوگا؟ بتاؤ اگر تم سچے ہو ﴿٤٨﴾ وہ انتظار نہیں کر رہے ہیں،

اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

مگر ایک چنگھاڑ کی، جو انہیں آ پکڑے گی اور وہ باہم جھگڑ رہے ہوں گے ﴿٤٩﴾ پھر نہ وہ وصیت کر سکیں گے اور

ع ٣

تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ

نہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹ سکیں گے ﴿٥٠﴾ اور پھر ایک صور پھونکا جائے گا تو وہ یکایک قبروں سے

مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ

نکل کر اپنے رب کی طرف دوڑیں گے ﴿٥١﴾ وہ کہیں گے اے وائے ہم پر! ہمیں کس نے ہماری

وقف لازم
وقف منزل
وقف غفران

مَّرْقَدِنَا هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾ اِنْ كَانَتْ

قبروں سے اُٹھا کھڑا کیا، یہ ہے وہ جو اللہ رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے سچ کہا تھا ﴿٥٢﴾ یہ نہ ہوگی مگر

اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ

ایک چنگھاڑ، پس یکایک وہ سب ہمارے سامنے حاضر کئے جائیں گے ﴿٥٣﴾ پس آج کسی جان پر

لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٤﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ

بھی ظلم نہ کیا جائے گا اور تمہیں ویسا ہی بدلہ دیا جائے گا جیسے تم عمل کرتے رہے تھے ﴿٥٤﴾ بے شک آج

الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِىْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿٥٥﴾ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِىْ ظِلٰلٍ عَلَى

اہل جنت مزے کرنے میں مشغول ہیں ﴿٥٥﴾ وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے

عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿٥٦﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿٥٧﴾ ج

(بیٹھے) ہوں گے ﴿٥٦﴾ ان کیلئے وہاں ہر قسم کے لذیذ پھل اور جو وہ چاہیں گے ان کیلئے (موجود ہوگا) ﴿٥٧﴾

سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿٥٨﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٥٩﴾

رب رحیم کی طرف سے سلام کہا جائے گا ﴿٥٨﴾ اور اے مجرمو! آج تم چھٹ کر الگ ہو جاؤ ﴿٥٩﴾

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ج اِنَّهٗ لَكُمْ

اے اولادِ آدم! کیا میں نے تمہاری طرف حکم نہیں بھیجا تھا کہ تم عبادت نہ کرنا شیطان کی، بیشک وہ تمہارا

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٦٠﴾ لا وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ط هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ

کھلا دشمن ہے ﴿٦٠﴾ اور یہ کہ تم میری عبادت کرنا، یہی سیدھا راستہ ہے ﴿٦١﴾ (مگر اس کے باوجود) اس نے

اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ط اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٢﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ

تم میں سے گروہ کثیر کو گمراہ کر دیا سو کیا تم عقل نہیں رکھتے تھے؟ ﴿٦٢﴾ یہ ہے وہ جہنم جس کا تم سے

الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿٦٣﴾ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٦٤﴾ اَلْيَوْمَ

وعدہ کیا گیا تھا ﴿٦٣﴾ تم جو کفر کرتے تھے اس کے بدلے آج اس میں داخل ہو جاؤ ﴿٦٤﴾ آج ہم ان کے

نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا

منہ پر مہر لگا دیں گے اور ہم سے ان کے ہاتھ بولیں گے اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے کہ دنیا میں کیا

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ

کمائی کرتے رہے ہیں ﴿٦٥﴾ اور اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھیں بے نور کر دیتے پھر وہ راستہ کی طرف دوڑتے تو

وقف غفران ١٣

فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ٦٦ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا

کہاں انہیں راستہ دکھائی دیتا ٦٦ اور اگر ہم چاہتے تو انہیں ان کی جگہ پر ہی مسخ کر دیتے کہ یہ نہ آگے چل سکتے

مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ٦٧ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى الْخَلْقِ ۭ اَفَلَا

نہ پیچھے پلٹ سکتے ٦٧ اور جس شخص کو ہم لمبی عمر دیتے ہیں اس کی ساخت کو ہم اُلٹ ہی دیتے ہیں تو کیا وہ کام

يَعْقِلُوْنَ ٦٨ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

نہیں لیتے عقل سے؟ ٦٨ اور ہم نے اس (نبی) کو شعر نہیں سکھایا اور نہ شاعری اس کو زیب ہی دیتی ہے، یہ تو

وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ٦٩ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى

ایک نصیحت ہے اور واضح قرآن مجید ٦٩ تاکہ آپ ﷺ اس کو ڈرائیں جو زندہ ہو اور حجت ثابت ہو جائے

الْكٰفِرِيْنَ ٧٠ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا

کافروں پر ٧٠ یا کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے اپنے ہاتھوں کی بنائی ہوئی چیزوں میں سے ان کیلئے مویشی پیدا

فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ٧١ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ

کئے اور اب وہ ان کے مالک ہیں ٧١ اور ہم نے انہیں اس طرح ان کے بس میں کر دیا ہے کہ ان میں سے کسی

وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ٧٢ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ

پر یہ سوار ہوتے ہیں اور کسی کا یہ گوشت کھاتے ہیں ٧٢ اور ان کے اندر ان کیلئے طرح طرح کے فوائد اور مشروبات

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ٧٣ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ٧٤

ہیں پھر وہ شکر نہیں کرتے؟ ٧٣ اور انہوں نے اللہ کے سوا اور معبود بنا لئے شائد وہ مدد کئے جائیں ٧٤

لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ لَهُمْ جُندٌ مُّحْضَرُونَ ۝٧٥

وہ ان کی مدد نہیں کر سکتے اور اُلٹے وہ ان کے لئے حاضر باش لشکر بنے ہوئے ہیں ۝٧٥

فَلَا يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ إِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۝٧٦

پس آپ ﷺ کو ان کی بات رنجیدہ نہ کرے، بیشک ہم ان کی چھپی اور کھلی سب باتوں کو جانتے ہیں ۝٧٦

أَوَلَمْ يَرَ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ ۝٧٧

کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو نطفہ سے پیدا کیا؟ پھر وہ صریح جھگڑالو بن کر کھڑا ہو گیا ۝٧٧

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَنَسِيَ خَلْقَهُ ۖ قَالَ مَن يُحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ

اور وہ ہم پر مثالیں چسپاں کرنے لگا اور اپنی پیدائش کو بھول گیا۔ کہنے لگا کون ہڈیوں کو زندہ کرے گا؟

رَمِيمٌ ۝٧٨ قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ ۖ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ

جبکہ وہ بوسیدہ ہو چکی ہوں گی ۝٧٨ آپ ﷺ فرمادیں اسے وہ زندہ کرے گا جس نے اسے پہلی بار پیدا کیا

عَلِيمٌ ۝٧٩ الَّذِي جَعَلَ لَكُم مِّنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا فَإِذَا أَنتُم

اور وہ ہر طرح سے پیدا کرنا جانتا ہے ۝٧٩ جس نے تمہارے لئے سبز درخت سے آگ پیدا کی، پس اب تم

مِّنْهُ تُوقِدُونَ ۝٨٠ أَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِقَادِرٍ

اس سے آگ جلاتے ہو ۝٨٠ وہ جس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو، کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ ان جیسے اور

عَلَىٰ أَن يَخْلُقَ مِثْلَهُم ۚ بَلَىٰ وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ ۝٨١ إِنَّمَا أَمْرُهُ

پیدا کرے۔ ہاں! کیوں نہیں وہ بڑا پیدا کرنے والا، خوب جاننے والا ہے ۝٨١ اس کا کام تو یہ ہے کہ

وقف لازم

وقف غفران ۱۲

إِذَآ أَرَادَ شَيْـًٔا أَن يَقُولَ لَهُۥ كُن فَيَكُونُ ﴿۸۲﴾

وہ کسی شے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ اس کو کہتا ہے "ہوجا" تو وہ ہوجاتی ہے ﴿۸۲﴾

فَسُبْحَٰنَ ٱلَّذِى بِيَدِهِۦ مَلَكُوتُ كُلِّ شَىْءٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿۸۳﴾

سو پاک ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں ہر شے کی بادشاہت ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ﴿۸۳﴾

آیاتها ۷۸ — ۵۵۔ سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ — رکوعاتها ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ٱلرَّحْمَٰنُ ﴿۱﴾ عَلَّمَ ٱلْقُرْءَانَ ﴿۲﴾ خَلَقَ ٱلْإِنسَٰنَ ﴿۳﴾ عَلَّمَهُ ٱلْبَيَانَ ﴿۴﴾

رحمٰن (اللہ) نے ﴿۱﴾ اس قرآن کی تعلیم دی ہے ﴿۲﴾ اسی نے انسان کو پیدا کیا ﴿۳﴾ اور اسے بولنا سکھایا ﴿۴﴾

ٱلشَّمْسُ وَٱلْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿۵﴾ وَٱلنَّجْمُ وَٱلشَّجَرُ يَسْجُدَانِ ﴿۶﴾ وَٱلسَّمَآءَ

سورج اور چاند ایک حساب کے پابند ہیں ﴿۵﴾ اور تارے اور درخت سب سجدہ ریز ہیں ﴿۶﴾ آسمان کو

رَفَعَهَا وَوَضَعَ ٱلْمِيزَانَ ﴿۷﴾ أَلَّا تَطْغَوْا۟ فِى ٱلْمِيزَانِ ﴿۸﴾ وَأَقِيمُوا۟

اس نے بلند کیا اور میزان قائم کردی ﴿۷﴾ اس کا تقاضا یہ ہے کہ تم میزان میں خلل نہ ڈالو ﴿۸﴾ اور انصاف کیساتھ

ٱلْوَزْنَ بِٱلْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا۟ ٱلْمِيزَانَ ﴿۹﴾ وَٱلْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ ﴿۱۰﴾

ٹھیک ٹھیک تولو اور ترازو میں ڈنڈی نہ مارو ﴿۹﴾ زمین کو اس نے سب مخلوقات کے لئے بنایا ﴿۱۰﴾

فِيهَا فَٰكِهَةٌ وَٱلنَّخْلُ ذَاتُ ٱلْأَكْمَامِ ﴿۱۱﴾

اس میں ہر طرح کے لذیذ پھل ہیں اور کھجور کے درخت، جنکے پھل غلافوں میں لپٹے ہوئے ہیں ﴿۱۱﴾

وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ﴿١٢﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٣﴾

اور غلہ جو بھس والا ہوتا ہے اور خوشبودار پھول ﴿١٢﴾ پس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿١٣﴾

خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿١٤﴾ وَخَلَقَ الْجَانَّ مِنْ

انسان کو اس نے ٹھیکری کی طرح سوکھے گارے سے پیدا کیا ﴿١٤﴾ اور جن کو آگ کے

مَارِجٍ مِنْ نَارٍ ﴿١٥﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٦﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ

شعلے سے پیدا کیا ﴿١٥﴾ پس اے جن وانس تم اپنے رب کی کن کن عجائب قدرت کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿١٦﴾ دونوں مشرق

وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿١٧﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٨﴾ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ

اور دونوں مغرب، سب کا رب وہی ہے ﴿١٧﴾ اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿١٨﴾ دو سمندروں کو اس

يَلْتَقِيَانِ ﴿١٩﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَا يَبْغِيَانِ ﴿٢٠﴾

نے چھوڑ دیا کہ باہم مل جائیں ﴿١٩﴾ پھر بھی انکے درمیان ایک پردہ حائل ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کرتے ﴿٢٠﴾

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٢١﴾ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٢٢﴾

تم اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿٢١﴾ ان سمندروں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں ﴿٢٢﴾

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٢٣﴾ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَآتُ فِي الْبَحْرِ

تم اپنے رب کے کن کن کمالات کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿٢٣﴾ اور یہ جہاز اسی کے ہیں جو سمندر میں پہاڑوں کی طرح اونچے

النصف

كَالْأَعْلَامِ ﴿٢٤﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٢٥﴾ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا

اٹھے ہوئے ہیں ﴿٢٤﴾ تم اپنے رب کے کن کن احسانات کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿٢٥﴾ ہر چیز جو اس زمین پر ہے

فَانٍ ﴿٢٦﴾ وَّيَبۡقٰى وَجۡهُ رَبِّكَ ذُو الۡجَلٰلِ وَالۡاِكۡرَامِ ﴿٢٧﴾ فَبِاَىِّ اٰلَاۤءِ

فنا ہو جانے والی ہے ﴿٢٦﴾ اور صرف تیرے رب کی جلیل و کریم ذات ہی باقی رہنے والی ہے ﴿٢٧﴾ تم اپنے رب کے

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٨﴾ يَسۡـَٔلُهٗ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ كُلَّ يَوۡمٍ

کن کن کمالات کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿٢٨﴾ زمین اور آسمانوں میں جو بھی ہیں سب اپنی حاجتیں اسی سے مانگ رہے ہیں

هُوَ فِىۡ شَاۡنٍ ﴿٢٩﴾ فَبِاَىِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٠﴾ سَنَفۡرُغُ لَـكُمۡ

ہر آن وہ نئی شان میں ہے ﴿٢٩﴾ تم اپنے رب کی کن کن صفات کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿٣٠﴾ اے زمین کے بوجھو! عنقریب

اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿٣١﴾ فَبِاَىِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٢﴾

ہم تم سے باز پرس کرنے کیلئے فارغ ہوئے جاتے ہیں ﴿٣١﴾ تم اپنے رب کے کن کن احسانات کو جھٹلاتے ہو؟ ﴿٣٢﴾

يٰمَعۡشَرَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ اِنِ اسۡتَطَعۡتُمۡ اَنۡ تَنۡفُذُوۡا مِنۡ اَقۡطَارِ

اے گروہ جن و انس! اگر تم زمین اور آسمانوں کی سرحدوں سے نکل کر بھاگ سکتے ہو تو بھاگ جاؤ،

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ فَانۡفُذُوۡا ؕ لَا تَنۡفُذُوۡنَ اِلَّا بِسُلۡطٰنٍ ﴿٣٣﴾ فَبِاَىِّ اٰلَاۤءِ

تم نہیں بھاگ سکتے، مگر زور لگا کر ﴿٣٣﴾ اپنے رب کی کن کن

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٤﴾ يُرۡسَلُ عَلَيۡكُمَا شُوَاظٌ مِّنۡ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا

قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿٣٤﴾ (بھاگنے کی کوشش کرو گے تو) تم پر آگ کا شعلہ اور دھواں چھوڑ دیا جائے گا جس کا تم

تَنۡتَصِرٰنِ ﴿٣٥﴾ فَبِاَىِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٦﴾ فَاِذَا انۡشَقَّتِ السَّمَاۤءُ

مقابلہ نہ کر سکو گے ﴿٣٥﴾ تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کا انکار کرو گے؟ ﴿٣٦﴾ پھر جب آسمان پھٹے گا

فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ۝٣٧ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝٣٨ فَيَوْمَئِذٍ

اور لال چمڑے کی طرح سرخ ہو جائے گا ۳۷ تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ۳۸ اس روز کسی

لَا يُسْأَلُ عَنْ ذَنْبِهِ إِنْسٌ وَلَا جَانٌّ ۝٣٩ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝٤٠

انسان اور کسی جن سے اس کا گناہ نہیں پوچھا جائے گا ۳۹ تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ۴۰

يُعْرَفُ الْمُجْرِمُونَ بِسِيمَاهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِي وَالْأَقْدَامِ ۝٤١

مجرم وہاں اپنے چہروں سے پہچان لئے جائیں گے اور انہیں پیشانی کے بال اور پاؤں سے پکڑ پکڑ کر گھسیٹا جائے گا ۴۱

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝٤٢ هَٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي يُكَذِّبُ بِهَا

تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ۴۲ یہ وہی جہنم ہے جس کو مجرمین جھوٹ قرار دیا

الْمُجْرِمُونَ ۝٤٣ يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ ۝٤٤ فَبِأَيِّ آلَاءِ

کرتے تھے ۴۳ اسی جہنم اور کھولتے ہوئے پانی کے درمیان وہ گردش کرتے رہیں گے ۴۴ اپنے رب کی کن کن

رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝٤٥ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ ۝٤٦

قدرتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ ۴۵ اور ہر شخص کیلئے جو اپنے رب کے حضور پیش ہونے کا خوف رکھتا ہو، دو باغ ہیں ۴۶

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝٤٧ ذَوَاتَا أَفْنَانٍ ۝٤٨ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ۴۷ ہری بھری ڈالیوں سے بھرپور ۴۸ تم اپنے رب کی کن کن

تُكَذِّبَانِ ۝٤٩ فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ ۝٥٠ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝٥١

نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ۴۹ دونوں باغوں میں دو چشمے رواں ۵۰ تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ۵۱

وقف لازم

ع ۲

فِيهِمَا مِن كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَانِ ﴿٥٢﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٥٣﴾

دونوں باغوں میں ہر پھل کی دو قسمیں ﴿٥٢﴾ تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ﴿٥٣﴾

مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ فُرُشٍ بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ ۚ وَجَنَى الْجَنَّتَيْنِ

جنتی لوگ ایسے فرشوں پر تکیے لگا کر بیٹھیں گے جن کے استر دبیز ریشم کے ہونگے اور باغوں کے پھل جھکے

دَانٍ ﴿٥٤﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٥٥﴾ فِيهِنَّ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ

ہوئے ہونگے ﴿٥٤﴾ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ﴿٥٥﴾ ان نعمتوں کے درمیان شرمیلی نگاہوں

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ ﴿٥٦﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٥٧﴾

والیاں ہوں گی جنہیں ان جنتیوں سے پہلے کبھی کسی انسان یا جن نے نہ چھوا ہوگا ﴿٥٦﴾ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ﴿٥٧﴾

كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٥٨﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٥٩﴾

ایسی خوبصورت جیسے ہیرے اور موتی ﴿٥٨﴾ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ﴿٥٩﴾

هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ ﴿٦٠﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٦١﴾

نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا اور کیا ہوسکتا ہے ﴿٦٠﴾ اپنے رب کے کن کن اوصاف حمیدہ کا تم انکار کرو گے؟ ﴿٦١﴾

وَمِن دُونِهِمَا جَنَّتَانِ ﴿٦٢﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٦٣﴾ مُدْهَامَّتَانِ ﴿٦٤﴾

اور ان دو باغوں کے علاوہ دو باغ اور ہوں گے ﴿٦٢﴾ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ﴿٦٣﴾ گھنے اور سرسبز وشاداب باغ ﴿٦٤﴾

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٦٥﴾ فِيهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ ﴿٦٦﴾

اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ﴿٦٥﴾ دونوں باغوں میں دو چشمے فواروں کی طرح ابلتے ہوئے ﴿٦٦﴾

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٧﴾ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّ نَخْلٌ وَّ رُمَّانٌ ﴿٦٨﴾

اے جن وانس! اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ﴿٦٧﴾ ان میں بکثرت پھل اور کھجوریں اور انار ہیں ﴿٦٨﴾

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٩﴾ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿٧٠﴾

اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ﴿٦٩﴾ ان نعمتوں کے درمیان خوب سیرت اور خوبصورت بیویاں ﴿٧٠﴾

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧١﴾ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ﴿٧٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ

اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ﴿٧١﴾ خیموں میں ٹھہرائی ہوئی حوریں ﴿٧٢﴾ اپنے رب کے کن کن

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٣﴾ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿٧٤﴾

انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ﴿٧٣﴾ ان جنتیوں سے پہلے کبھی کسی انسان یا جن نے ان کو نہ چھوا ہوگا ﴿٧٤﴾

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٥﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّ

اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ﴿٧٥﴾ وہ جنتی سبز قالینوں اور نفیس و نادر فرشوں پر تکیے لگا کر

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿٧٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٧﴾

بیٹھے ہوں گے ﴿٧٦﴾ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ﴿٧٧﴾

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٧٨﴾

بڑی برکت والا ہے تیرے رب جلیل و کریم کا نام ﴿٧٨﴾

آیاتُها ٩٦

## ٥٦۔ سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ

رُکُوعَاتُها ٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وقف لازم

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿١﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿٢﴾ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ﴿٣﴾

جب وہ ہونے والا واقعہ پیش آئے گا ① تو کوئی اسکے وقوع کو جھٹلانے والا نہ ہوگا ② وہ تہہ وبالا کردینے والی آفت ہوگی ③

اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ﴿٤﴾ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿٥﴾ فَكَانَتْ هَبَآءً

جب زمین ہلا ڈالی جائے گی ④ اور پہاڑ اس طرح ریزہ ریزہ کردیئے جائینگے ⑤ کہ پراگندہ غبار بن کر رہ

مُّنْۢبَثًّا ﴿٦﴾ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ﴿٧﴾ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ

جائینگے ⑥ تم اس وقت تین گروہوں میں تقسیم ہوجاؤ گے ⑦ دائیں بازو والے، سو دائیں بازو والوں کی خوش نصیبی

الْمَيْمَنَةِ ﴿٨﴾ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿٩﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ

کا کیا کہنا ⑧ اور بائیں بازو والے تو بائیں بازو والوں کی بدنصیبی کا کیا ٹھکانہ ⑨ اور سبقت لے جانیوالے تو

السّٰبِقُوْنَ ﴿١٠﴾ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿١١﴾ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿١٢﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ

پھر آگے والے ہی ہیں ⑩ وہی تو مقرب لوگ ہیں ⑪ نعمت بھری جنتوں میں ہونگے ⑫ اگلوں میں سے بہت

الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٣﴾ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٤﴾ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ﴿١٥﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ

ہوں گے ⑬ اور پچھلوں میں سے کم ⑭ مرصع تختوں پر ⑮ تکیے لگائے آمنے سامنے

عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿١٦﴾ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ﴿١٧﴾ بِاَكْوَابٍ

بیٹھیں گے ⑯ دوڑتے پھرتے ہونگے انکی مجلسوں میں اَبدی لڑکے ⑰ پیالے اور جگ اور ساغر لیے ہوئے

وَاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿١٨﴾ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ﴿١٩﴾

جو جاری چشمہ کی شراب سے لبریز ہونگے ﴿١٨﴾ جسے پی کر نہ ان کا سر چکرائے گا نہ انکی عقل میں فتور آئیگا ﴿١٩﴾

وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٢١﴾

اور وہ انکے سامنے لذیذ پھل پیش کرینگے کہ جن کو وہ پسند کریں ﴿٢٠﴾ اور پرندوں کے گوشت پیش کرینگے کہ جس پرندے کا چاہیں

وَحُوْرٌ عِيْنٌ ﴿٢٢﴾ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ﴿٢٣﴾ جَزَآءً ۢ بِمَا كَانُوْا

استعمال کریں ﴿٢١﴾ خوبصورت موٹی آنکھوں والی حوریں ﴿٢٢﴾ (ایسی حسین) جیسے چھپا کر رکھے ہوئے موتی ﴿٢٣﴾ ان اعمال کی جزا

يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿٢٥﴾ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا

کے طور پر جو وہ کیا کرتے تھے ﴿٢٤﴾ وہاں وہ کوئی بیہودہ کلام یا گناہ کی بات نہ سنیں گے ﴿٢٥﴾ جو بات بھی ہوگی ٹھیک

سَلٰمًا ﴿٢٦﴾ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ﴿٢٧﴾ فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ﴿٢٨﴾

ٹھیک ہوگی ﴿٢٦﴾ اور دائیں بازو والے دائیں بازو والوں کی خوش نصیبی کا کیا کہنا ﴿٢٧﴾ وہ کانٹوں کے بغیر بیریوں میں ﴿٢٨﴾

وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ﴿٢٩﴾ وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ﴿٣٠﴾ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ﴿٣١﴾ وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ﴿٣٢﴾

اور تہہ بہ تہہ چڑھے ہوئے کیلوں ﴿٢٩﴾ اور دور تک پھیلی ہوئی چھاؤں ﴿٣٠﴾ اور ہر دم رواں پانی ﴿٣١﴾ اور بکثرت پھل ﴿٣٢﴾

لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ﴿٣٣﴾ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ﴿٣٤﴾ اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ﴿٣٥﴾

جو بے روک ٹوک ملنے والے ہونگے ﴿٣٣﴾ اور اونچی نشست گاہوں میں ہونگے ﴿٣٤﴾ انکی بیویوں کو ہم نئے سرے سے پیدا کرینگے ﴿٣٥﴾

فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ﴿٣٦﴾ عُرُبًا اَتْرَابًا ﴿٣٧﴾ لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٣٨﴾ ع

اور انہیں باکرہ بنا دینگے ﴿٣٦﴾ اپنے شوہروں کی محبوب اور عمر میں ہم سن ﴿٣٧﴾ یہ کچھ دائیں بازو والوں کیلئے ہے ﴿٣٨﴾

ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٩﴾ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿٤٠﴾ وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ

وہ اگلوں میں سے بھی بہت ہوں گے ﴿٣٩﴾ اور پچھلوں میں سے بھی بہت ﴿٤٠﴾ اور بائیں باوز والے' بائیں بازو

مَاۤ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ﴿٤١﴾ فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ﴿٤٢﴾ وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ﴿٤٣﴾

والوں کی بدنصیبی کا کیا پوچھنا ﴿٤١﴾ وہ لُو کی لپٹ اور کھولتے ہوئے پانی میں ﴿٤٢﴾ اور کالے دھوئیں کے سائے میں ہوں گے ﴿٤٣﴾

لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ﴿٤٤﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ﴿٤٥﴾

جو نہ ٹھنڈا ہوگا نہ آرام دہ ﴿٤٤﴾ یہ وہ لوگ ہوں گے جو اس انجام کو پہنچنے سے پہلے خوشحال تھے ﴿٤٥﴾

وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ﴿٤٦﴾ وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ

اور گناہ عظیم پر اصرار کرتے تھے ﴿٤٦﴾ کہتے تھے کیا جب ہم مر جائیں گے

اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿٤٧﴾

اور ہڈیاں اور مٹی ہو جائیں گے تو کیا پھر اُٹھا کھڑے کئے جائیں گے؟ ﴿٤٧﴾

اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿٤٨﴾ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ﴿٤٩﴾ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ

اور کیا ہمارے باپ دادا بھی؟ ﴿٤٨﴾ اے نبی ﷺ ان لوگوں سے کہو یقیناً اگلے اور پچھلے ﴿٤٩﴾ ضرور جمع کئے جانے

اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿٥٠﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿٥١﴾

والے ہیں سب ایک دن، جس کا وقت مقرر کیا جا چکا ہے ﴿٥٠﴾ پھر اے گمراہ اور جھٹلانے والو! ﴿٥١﴾

لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿٥٢﴾ فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٥٣﴾

تم تھوہر کے درخت کی غذا کھانے والے ہو ﴿٥٢﴾ اسی سے تم پیٹ بھرنے والے ہو ﴿٥٣﴾

فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿٥٤﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ﴿٥٥﴾

اور اوپر سے کھولتا ہوا پانی پینے والے ہو ﴿٥٤﴾ پیاسے اونٹوں کی طرح پینے والے ہو ﴿٥٥﴾

هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿٥٦﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿٥٧﴾

یہ ہے ان کی ضیافت کا سامان روز جزا میں ﴿٥٦﴾ ہم نے تمہیں پیدا کیا پھر کیوں تصدیق نہیں کرتے؟ ﴿٥٧﴾

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿٥٨﴾ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿٥٩﴾

کبھی تم نے غور کیا یہ نطفہ جو تم ڈالتے ہو ﴿٥٨﴾ کیا اس سے بچہ تم پیدا کرتے ہو یا اس کو پیدا کرنے والے ہم ہیں؟ ﴿٥٩﴾

نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿٦٠﴾

ہم نے تمہارے درمیان موت کو تقسیم کیا ہے اور ہم اس سے عاجز نہیں ہیں ﴿٦٠﴾

عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾

کہ تمہاری شکلیں بدل دیں اور کسی ایسی شکل میں تمہیں پیدا کر دیں جس کو تم نہیں جانتے ﴿٦١﴾

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾ اَفَرَءَيْتُمْ

اپنی پہلی پیدائش کو تو تم جانتے ہی ہو پھر کیوں سبق نہیں لیتے ﴿٦٢﴾ کبھی تم نے سوچا یہ

مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿٦٣﴾ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿٦٤﴾ لَوْ نَشَآءُ

بیج جو تم بوتے ہو ﴿٦٣﴾ ان سے کھیتیاں تم اُگاتے ہو یا ان کے اُگانے والے ہم ہیں؟ ﴿٦٤﴾ ہم چاہیں تو

لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿٦٦﴾

ان کھیتیوں کو بھس بنا کر رکھ دیں اور تم طرح طرح کی باتیں بناتے رہ جاؤ ﴿٦٥﴾ کہ ہم پر تو اُلٹی چٹی پڑ گئی ﴿٦٦﴾

بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿٦٨﴾ ءَاَنْتُمْ

بلکہ ہم تو ہیں ہی بے نصیب ﴿٦٧﴾ کبھی تم نے آنکھ کھول کر غور کیا کہ یہ پانی جو تم پیتے ہو ﴿٦٨﴾ اسے تم نے

اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ

بادل سے برسایا ہے یا اس کے برسانے والے ہم ہیں ﴿٦٩﴾ ہم چاہیں تو اسے سخت کھاری بنا کر رکھ دیں پھر تم

اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ﴿٧١﴾ ءَاَنْتُمْ

کیوں شکر گزار نہیں ہوتے؟ ﴿٧٠﴾ کبھی تم نے خیال کیا کہ یہ آگ جو تم سلگاتے ہو ﴿٧١﴾ کیا تم نے

اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً

اس کا درخت پیدا کیا ہے یا اس کے پیدا کرنے والے ہم ہیں ﴿٧٢﴾ ہم نے اس کو نصیحت کا ذریعہ اور مسافروں

ع ٢ ١٥ وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿٧٣﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ

کے لئے سامان زیست بنایا ہے ﴿٧٣﴾ پس اے نبی ﷺ اپنے رب عظیم کے نام کی تسبیح کریں ﴿٧٤﴾ پس نہیں، میں

النُّجُوْمِ ﴿٧٥﴾ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿٧٦﴾ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٧﴾

قسم کھاتا ہوں تاروں کے مواقع کی ﴿٧٥﴾ اگر تم سمجھو تو یہ بہت بڑی قسم ہے ﴿٧٦﴾ کہ یہ ایک بلند مرتبہ قرآن ہے ﴿٧٧﴾

فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿٧٨﴾ لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿٧٩﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ

ایک محفوظ کتاب میں (ثبت) ﴿٧٨﴾ جسے مطہرین (فرشتوں) کے سوا کوئی چھو نہیں سکتا ﴿٧٩﴾ یہ نازل کردہ ہے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٠﴾ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿٨١﴾ وَتَجْعَلُوْنَ

رب العالمین کا ﴿٨٠﴾ پھر کیا اس کلام کے ساتھ تم بے اعتنائی برتتے ہو ﴿٨١﴾ اور اس نعمت میں اپنا حصہ تم نے یہ

رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿٨٣﴾ وَاَنْتُمْ

رکھا ہے کہ اسے جھٹلاتے ہو ﴿٨٢﴾ تو ایسا کیوں نہیں کہ جب جان حلق تک پہنچ جاتی ہے ﴿٨٣﴾ اور تم آنکھوں

حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿٨٥﴾

سے دیکھ رہے ہوتے ہو ﴿٨٤﴾ اور ہم اس وقت تم سے زیادہ اس کے قریب ہوتے ہیں لیکن تم دیکھتے نہیں ﴿٨٥﴾

فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿٨٦﴾ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ

اگر تم کسی کے محکوم نہیں ہو ﴿٨٦﴾ تو تم اس کی جان کو واپس کیوں نہیں لوٹاتے اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٨٨﴾ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ

سچے ہو ﴿٨٧﴾ پھر وہ مرنے والا اگر مقربین میں سے ہو ﴿٨٨﴾ تو اس کے لئے راحت اور خوشبودار پھول اور

وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿٨٩﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩٠﴾ فَسَلٰمٌ

نعمت بھری جنت ہے ﴿٨٩﴾ اور اگر وہ اصحاب یمین میں سے ہو ﴿٩٠﴾ تو اس کا استقبال یوں ہوتا ہے کہ سلام ہے

لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩١﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ

تجھے، تو دائیں بازو والوں میں سے ہے ﴿٩١﴾ اور اگر وہ جھٹلانے والے گمراہ لوگوں میں

الضَّآلِّيْنَ ﴿٩٢﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٩٣﴾ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿٩٤﴾

سے ہو ﴿٩٢﴾ تو اس کی تواضع کے لئے کھولتا ہوا پانی ہے ﴿٩٣﴾ اور جہنم میں جھونکا جانا ہے ﴿٩٤﴾

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿٩٥﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٩٦﴾ ركوع ٣

یہ سب کچھ قطعی حق ہے ﴿٩٥﴾ پس اے نبی ﷺ اپنے عظیم رب کے نام کی تسبیح کریں ﴿٩٦﴾

# ٣٢۔ سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ

اٰيَاتُهَا ٣٠ — رُكُوْعَاتُهَا ٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۝١ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٢ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

الف ل م ۝١ اس کتاب کا اتارنا بلاشبہ رب العالمین کی طرف سے ہے ۝٢ کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نبی ﷺ نے

افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ

اس کو خود گھڑ لیا ہے (نہیں) بلکہ یہ آپ کے رب کی طرف سے حق ہے تاکہ آپ اس قوم کو ڈرائیں جن کے

مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝٣ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا۔ شاید وہ ہدایت پا جائیں ۝٣ وہ اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور

الْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ

زمین کو اور ان ساری چیزوں کو جو ان کے درمیان ہیں 6 دنوں میں پیدا کیا اور پھر عرش پر جلوہ فرما ہوا، اس کے

مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ۭ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝٤ يُدَبِّرُ

سوا نہ تمہارا کوئی حامی و مددگار ہے اور نہ کوئی سفارشی، پھر کیا تم کوئی سبق حاصل نہیں کرتے ۝٤ وہ آسمان سے زمین

الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ

تک معاملات کی تدبیر کرتا ہے اور اس تدبیر کی روداد اوپر اس کے حضور جاتی ہے ایک ایسے دن میں جسکی

مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝٥ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

کی مقدار تمہارے شمار سے 1000 سال ہے ۝٥ وہی ہے ہر پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۙ﴿۶﴾ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ

غالب اور مہربان ﴿۶﴾ جو چیز بھی اس نے بنائی، خوب ہی بنائی۔ اس نے انسان کی تخلیق کی ابتداء

الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ﴿۷﴾ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۸﴾

گارے سے کی ﴿۷﴾ پھر اس کی نسل ایک ایسے ست سے چلائی جو حقیر پانی کا ہے ﴿۸﴾

ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

پھر اس کو درست کیا اور اس کے اندر اپنی روح پھونک دی، اور تم کو کان دیئے، آنکھیں دیں اور دل دیئے۔

وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۹﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ

تم لوگ بہت کم شکر گزار ہوتے ہو ﴿۹﴾ اور یہ لوگ کہتے ہیں جب ہم مٹی میں رل مل چکے ہوں گے تو کیا ہم پھر نئے

ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ڛ بَلْ هُمْ بِلِقَاۗءِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۰﴾ قُلْ

سرے سے پیدا کیئے جائیں گے؟ اصل بات ہے کہ یہ اپنے رب کی ملاقات کے منکر ہیں ﴿۱۰﴾ آپ ان سے کہہ

يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾ ع ۱۴

دیجئے کہ موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر ہے تمہاری روح قبض کرلے گا پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿۱۱﴾

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ رَبَّنَآ

کاش تم دیکھو، جب یہ مجرم سر جھکائے اپنے رب کے حضور کھڑے ہونگے اور کہہ رہے ہونگے' اے ہمارے رب

اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾

ہم نے خوب دیکھ لیا اور سن لیا، اب ہمیں واپس بھیج دے تاکہ ہم نیک عمل کریں اب ہمیں یقین آ گیا ہے ﴿۱۲﴾

وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ

(جواب میں ارشاد ہوگا) ''اگر ہم چاہتے تو پہلے ہی ہر نفس کو اس کی ہدایت دے دیتے مگر میری وہ بات پوری ہوگئی

